الٰہی خیر! دورِ فتنۂ آخر زماں آیا
رہے ایمان و دین سالم کہ وقتِ امتحاں آیا

الحمد للہ کہ یہ ٹریکٹ مشتمل بر واقعات غدرِ ابن سعود نجدی
و عقائد خبیثۂ شر ذمۂ نجدیہ وہابیہ ھداھم اللہ بعنوان

فتنۂ نجدیت

سے ڈھول کا پول

مرتبہ منادِ حق خادم العلماء پیرزادہ محمد بہاء الحق قاسمی
امرتسری عفا اللہ عنہ

بصرف و سعی حسکیم سراج الدین احمد ایڈیٹر اخبار الفقیہ امرتسر
ہمراہ رسالہ حنفی امرتسر بطور ضمیمہ شائع کیا
روز بازار الیکٹرک پریس ہال بازار امرتسر با اہتمام منشی سلطان احمد پرنٹر کے چھپا
ماہ ربیع الاول سنہ ۱۳۴۴ھ
قیمت ۲ر

نجدیوں کے سیاہ اعمالنامہ کا ایک ورق

شریف حسین اور ابن سعود کی غداری

نجدی عقائد فاسدہ کا مختصر مرقع

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ ذی الکرم والاحسان والمنن۔ والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ سیدنا محمد الذی اخبرنا بظہور الزلازل والفتن وعلی الہ واصحابہ الذین جعلوا اعلاء کلمۃ اللہ المصائب والمحن؛

سید حسین سابق شریف مکہ نے ترکوں سے بغاوت کرکے اور دشمنان اسلام سے یارانہ گانٹھکر جیسی عبرت خیز اور سبق آموز ذلت حاصل کی ہے۔ اس کے فقط تصور سے منتقم حقیقی کی قدرت کا اندازہ ہوسکتا ہے۔ آج اس بدقسمت کا وجود ہی اس حقیقت کا روشن ثبوت ہے کہ قہار وجبار خدا جب کسی ظالم کو سزا دینا چاہتے ہیں تو پھر دنیا کی کوئی طاقت اس کو بچا نہیں سکتی۔ شریف کے مکہ معظمہ سے نکل جانے کے بعد اس کا بیٹا وہاں مسلط ہوا مگر وہابیوں کی حریصانہ نگاہیں حرمین شریفین کی طرف عرصہ سے اٹھ رہی تہیں۔ انہوں نے طائف شریف کو برباد کرنے کے بعد مکہ معظمہ پر ہلہ بول دیا اور آخر وہاں قابض ہو گئے۔ رہ گیا یہ سوال کہ وہابی اتنے طاقتور کہاں سے ہو گئے کہ پہلے طائف میں لوٹ کھسوٹ اور قتل وغارت کرکے وہاں قابض ہوئے اور پھر مکہ معظمہ پر بھی بغیر کسی دقت اور دشواری کے مسلط ہوگئے تو اس سوال کا جواب ہر منصف اور سمجھدار انسان یہی دیگا کہ ؎

نجد کو کب یہ سلیقہ ہے ستمگاری میں
کوئی معشوق ہے اس پردہ زنگاری میں

نجدیوں کے تسلط ہی کے وقت ارباب فراست بھانپ گئے تھے کہ اب صورت

حالات رو بہ اصلاح ہونے کی بجائے اور زیادہ خطرناک اور پیچیدہ ہو جائے گی۔ کیونکہ یہ قوم سخت وحشی واقع ہوئی ہے۔ بربریت اور درندگی اس کے خمیر میں داخل، اور انصاف پروری و رواداری کی ان کو ہوا تک نہیں لگی ہے۔ ان کے عقائد میں اس درجہ کا غلو، تشدد اور تجاوز پایا جاتا ہے کہ وہ مرکز اسلام پر حکومت وقیادت کرنے کی قطعاً اہلیت نہیں رکھتے۔ اور سب سے بڑھکر یہ کہ شیخ نجدی محمد بن عبدالوہاب آنجہانی کے عہد نحوست عہد سے لیکر اس وقت تک یہ لوگ آستانہ خلافت سے باغی رہے ہے۔ بلکہ موجودہ نجدی حکومت دشمنان اسلام کی انگشت نمائی اور برانگیخت سے ترکوں کے ساتھ نبرد آزما اور مصروف پیکار رہ چکی ہے۔ اور موجودہ امیر نجد عبدالعزیز ابن سعود بھی شریف کی طرح انگریزوں کا منظور نظر پٹھو اور خاص وظیفہ خوار ہے۔ ان واقعات وحقائق کی بناء پر ارباب بصیرت نے نجدیوں کے تسلط کو سخت ناپسندیدگی کی نظر سے دیکھا۔ لیکن افسوس کہ ہندوستانی مسلمانوں میں سے کسی نے سنہری اور روپہلی مصلحتوں کے ماتحت، بعض نے نجدیوں کے ہم عقیدہ ہونے کے باعث، کسی نے شریف کے مظالم سے تنگ آکر، اور کسی نے زبان دراز اور منہ پھٹ لوگوں کی گالیوں کے خوف سے ان تمام حقائق ثابتہ سے آنکھیں بند کر کے نجدیوں کی تعریف و توصیف کے پل باندھنے شروع کر دیئے۔

یہ لوگ جہاں نجدیوں کے عقائد کی "خوبی" بیان کرتے نہیں تھکتے وہاں چیخ چیخ کر اور گلا پھاڑ پھاڑ کر یہ بھی ثابت کرنا چاہتے ہیں کہ ابن سعود نجدی شریف کی طرح "انگریز پرست" نہیں بلکہ "اسلام پرست" ہے۔ حالانکہ انہیں میں سے ذمہ دار لوگ کچھ مدت پہلے اپنی تقریروں اور تحریروں میں بالفاظ صریحہ اقرار کر چکے ہیں کہ نجدی حکومت برطانیہ کی وظیفہ خوار، مقرب پٹھو، اور ترکوں کی سخت دشمن واقع ہوئی ہے۔

میں ذیل میں ذمہ دار حامیان نجدیہ ہی کی تقریروں اور تحریروں سے ابن سعود اور موجودہ نجدی حکومت کی غداری، نصاریٰ پرستی، اور اسلام کش حکمت عملی کے چند واقعات عرض کرتا ہوں۔ اور اس کے بعد وہابیوں کے کافر سازانہ اور مشرک گرانہ عقائد انہی کی کتابوں سے نقل کر کے فیصلہ ناظرین پر چھوڑتا ہوں وہ خود اندازہ لگا لیں گے

نجدیوں کی حمایت میں جو آجکل ہنگامہ خیز مظاہرات ہو رہے ہیں ان کی کیا حقیقت ہے؟ ع

بس اک نگاہ پہ ٹھیرا ہے فیصلہ دل کا

غدار ابن سعود کی سیاسی کہانی

اخبار زمیندار کی زبانی

اخبار زمیندار لاہور بابت ماہ فروری ۱۹۲۲ء کے متعدد پرچوں میں ایک طویل مضمون شائع ہوا تھا جس کے تین عنوان تھے "حکومت برطانیہ اور عراق عرب" "اسرار کا انکشاف" "حقیقت کی چہرہ کشائی" اس مضمون میں برطانیہ کی ان ریشہ دوانیوں کا مفصل تذکرہ کیا گیا ہے جو اس نے عراق عرب میں ترکوں کے خلاف اور اپنا اقتدار قائم کرنے کی غرض سے عربوں کو سیم وزر کا لالچ دینے کی صورت میں روا رکھیں۔ میں ذیل میں اس مضمون سے وہ اقتباسات نمبر وار نقل کرتا ہوں جن میں ابن سعود نجدی اور اس کی حکومت کی غدارانہ سازشوں اور مسلم آزار حکمت عملیوں سے نقاب کشائی کیگئی ہے۔

(۱)

تلک الامثال نضربها للناس لعلهم يتفكرون

"ٹائمز" کا نامہ نگار مقیم طہران لکھتا ہے کہ:-

"ترک ہمارے (برطانیہ کے) دشمن تھے۔ اس لئے قدرتی طور پر ہم اس کوشش میں مصروف رہتے تھے کہ ترکی کی بدنظمی کی کوئی بات ہمارے ہاتھ لگ جائے جسے ہم اتحادیوں کے فوجی مفاد کے لئے مفید بنا سکیں۔ عربوں کے جذبات کی کوئی قدر و قیمت ہو یا نہ ہو لیکن ہم ترکی کے نقائص کو نظر انداز نہیں کر سکتے تھے۔ اور اس کے ساتھ سوئے لوگوں سے تو وہ کسی طرح سلوک تغافل نہیں کر سکتے تھے جو جرمنی

نے آئرلینڈ سے کیا ہے۔ حامیانِ عرب کے لئے یہ نادر موقع تھا جس طرح حکومت جرمنی کے پاس اس کے متبحر ماہرین علوم اور مستشرقین موجود تھے جن کا ظن غالب یہ تھا کہ آئرلینڈ میں جمہوریت کے قیام و قوام کا امکان ہے۔ اور ہندوستان کے باشندوں کے مفاد کے لئے بغاوت انگیزی ضروری ہے۔ اسی طرح ہمارے ملک میں بسنے والے اتحاد عرب کے حامی ترکی کی حکومت کو کانٹ چھانٹ کر عربوں کی حکومت کے قیام پر مصر تھے۔ اس لئے یہ بات قدرتی اور ناگزیر تھی کہ حکومت ان لوگوں کو آلہ کار بر آری بنائے۔

وہابیوں کا خروج

اس لئے اب یہ سوال پیدا ہوا کہ عربوں کو ترکوں کے خلاف کس طرح برانگیختہ کیا جائے سنوسی تو کسی کام کے نہیں تھے۔ کیونکہ وہ اس حکومت عرب میں حصہ دار نہیں بن سکتے جس کے ہم حامی ہیں وجہ یہ ہے کہ مصر درمیان میں حائل ہے علاوہ ازیں وہ ہمارے مخالف بھی ہیں۔ ادریسی اور امام یمن بہت کام دے سکتے تھے۔ رشید امیر حائل ترکوں کے ساتھ مل گئے۔ اب صرف دو ایسی ہستیاں رہ گئیں جو ہمارے (گورنمنٹ برطانیہ کے) شہنشاہی اقتدار کے اثر میں آسکتی تھیں انہیں ہم سرمایہ دے سکتے تھے۔ اور ان سے یہ وعدہ کر سکتے تھے کہ اگر ہماری اعانت کی جائے گی تو ہم بہت سا صلہ و انعام دیں گے۔ یہ معزز ہستیاں الحسین شریف اعظم مکہ اور ابن سعود وہابی امیر نجد کی ہستیاں تھیں۔

اس حقیقت نفس الامری سے کہ یہ دونوں ایک دوسرے کے خون کے پیاسے ہیں ان کے اغراض و مقاصد میں بعد المشرقین ہے اور ان کے بیر و مذہب کی تیز تلوار سے ایک دوسرے سے علیحدہ ہیں بہت پیچیدگی پڑ گئی۔ محمد بن عبد الوہاب اٹھارویں صدی میں علم اسلام لے کر اٹھا۔ اس نے ۱۷۶۰ء میں سعود حاکم نجد کو اپنا ہم عقیدہ بنا لیا۔ اسی زمانے میں بہت سے چھوٹے چھوٹے شیوخ نے جو پہلے ایک دوسرے کے مخالف تھے یہ مذہب قبول کر لیا۔

ان شیوخ اور دیگر عقیدتمندوں کی مدد سے سعود اور اس کا جانشین سعود ابن سعود وسط عرب میں ایک وسیع سلطنت قائم کرنے کے قابل ہوسکے۔

سعود ثانی کے بیٹے نے ۱۸۰۱ء میں کربلائے معلی کے مقدس شہر کی بے حرمتی کی ۱۸۰۳ء میں فوجیں لیکر مشرق کیطرف بڑھا اور مکہ معظمہ کے حرم مقدس پر قبضہ کر لیا۔ اور اس مقام مقدس کی جو شیعہ اور سنیوں دونوں کے لئے یکساں واجب الاحترام ہے بے حرمتی کی ۱۸۰۴ء میں اس نے مدینہ پر قبضہ کر لیا۔ مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ دونوں ۱۸۱۲ء تک وہابیوں کے قبضہ میں رہے ۱۸۱۳ء میں مصر کے مشہور و معروف پاشا محمد علی نے نجد کے دارالسلطنت درعیہ پر قبضہ کر لیا۔ اور اسے تباہ کر ڈالا۔ اس وقت وہابی سلطنت کچھ مدت کے لئے مٹ گئی۔ لیکن ایمان کا زائل ہونا تو ناممکن تھا۔ سلطنت کی ویرانی و تباہی میں بھی ایمان کا جذبہ موجود رہا۔ ۱۸۲۴ء میں خاندان سعود نے پھر سر اٹھایا۔ درعیہ کے کھنڈروں کے نزدیک ایک نئے دارالسلطنت کی بنیاد رکھی گئی۔ اس شہر کا نام ریاض رکھا گیا۔ پھر اس مملکت نے عروج حاصل کیا لیکن تیئیس ۲۳ سال گذرے خاندانی تنازعات کے ہاتھوں پھر ملیا میٹ ہو گئی۔ اور خاندان ابن رشید جو جبل شمار سے تعلق رکھتا ہے غالب آگیا لیکن آخر اسے بھی روز بد دیکھنا پڑا۔ ابن سعود کا خاندان سخت جان ہے ۱۹۰۱ء میں موجودہ امیر نجد جسکی عمر اس وقت اٹھارہ سال تھی پندرہ ۱۵ آدمیوں کو ساتھ لیکر رات کی تاریکی میں شہر میں جا گھسا۔ پو پھٹتے ہی ابن رشید کے مقرر کردہ عامل کو قتل کر ڈالا۔ اور ابن سعود کا جھنڈا نصب کر دیا۔ اس کے بعد امیر نجد کا لقب اختیار کرکے اس نے اپنی آبائی سلطنت کے بہت سے حصے پر قبضہ کر لیا۔ اس نے الحصا میں سے ترکوں کو نکال دیا۔ اور مشرق کیطرف ان بندرگاہوں تک جو بحرین کے مقابل واقع ہیں۔ شمال میں شیخ قویت کے ملک کی سرحد تک جا پہنچا۔ لیکن مغرب میں شریف اعظم مکہ نے اس کا مقابلہ کیا اور ۱۹۱۰ء میں نجد پر حملہ کیا۔ اگرچہ شکست کھائی اور اپنے ملک کی حد تک واپس ہوا لیکن باہمی مغائرت و مناقشت کا سلسلہ جاری رہا۔ اور دونوں ایک دوسرے کی مخالفت پر تلے ہے

(زمیندار صفحہ اول بابت ۶ فروری ۱۹۲۴ء)

انگریزوں سے دوستی ترکوں سے جنگ

"ابن سعود نے تحریک اخوان سے جو ایک روحانی برادری کی تحریک تھی۔ وہابی مسلک کو وہ تقویت بخشی جو آجکل اس مسلک کو حاصل ہے۔ شیعہ اور سنیوں کے احیاء کا دور ابھی نہیں آیا تھا۔ وہ علی الاعلان تمباکو نوشی کرتے تھے۔ اور خود ہی عجب سے شراب بھی پی لیا کرتے تھے۔ ابن سعود کے آباؤ اجداد تو اتنے فطرتی نہ تھے کہ ان خلاف مذہب افعال کو گوارا کرتے وہ ان کے لئے ضرور سزا دیا کرتے تھے لیکن اس نے اپنی مملکت کے قرب جوار اور مملکت میں بسنے والے شیعہ اور سنیوں کو ان افعال کے لئے سزا دینے کی کوشش تک نہیں کی۔ اس نے اخوان کی بستیاں قائم کیں وہ اس قدر آدمیوں کو ہم عقیدہ بناتے تھے کہ تلوار کے زور سے پہلے کبھی اس حلقہ مسلک میں داخل نہیں ہوتے تھے۔ ان کے مبلغوں کی سرگرمیاں ہمسایوں کو بے چین اور مضطرب کیا کرتی تھیں ابن سعود ایک حد تک حج میں بھی مداخلت کیا کرتے تھے اور اس روپیہ کو جو اس طرح شاہ حسین کے خزانہ میں جاتا تھا روکتے تھے۔ اس خیال سے کہ یہ بھی ایک قسم کا شرک اور بت پرستی ہے۔ وہ ان شیعوں سے جو ان کے علاقے میں سے گذرا کرتے تھے تاوان یا جزیہ لیا کرتے تھے۔

حکومت برطانیہ کی کارگزاری

جب جنگ کا آغاز ہوا اس وقت ملک کی یہ حالت تھی۔ ہم نے شریف مکہ اور ابن سعود دونوں کی خدمات حاصل کرنے کی کوشش کی اور انہیں ترکوں کے برخلاف برانگیختہ کیا۔

وہابی اور ابن سعود تو پہلے ہی ہمارے یا یوں کہئے کہ حکومت ہند کے دمساز تھے ۱۹۱۵ء کا واقعہ ہے کہ اس زمانے میں ایک برطانی وفد لیکر گئی

کرنیل لیوس پیلی ریاض گیا تھا اس وفد نے خاندان ابن سعود سے ایک معاہدہ کیا تھا جس کی پاسداری ہمیشہ ملحوظ رہی ہے اگرچہ کوئی باقاعدہ عہدنامہ مرتب نہیں کیا گیا تھا لیکن اس پر بھی وہابیوں نے مجھے بتایا کہ وہ اس معاہدہ کی تکمیل کو اپنا فرض خیال کرتے ہیں۔

موجودہ ابن سعود اور اس کا والد عبدالرحمٰن جو ضعیف العمر اور واجب الاحترام بزرگ ہے ۱۸۹۵ء سے ۱۹۰۱ء تک قویت میں مقیم رہے۔ شیخ قویت ان کا حامی و مددگار رہا اسی کی برکت ہے کہ یہ پھر اپنی کھوئی ہوئی سلطنت حاصل کرنے کے لئے باہر نکلے جس زمانے میں یہ خاندان قویت میں تھا اس زمانے میں برطانی پولٹیکل افسر اور ریذیڈنٹ بوشہر سے ان کے تعلقات تھے۔ جب یہ خاندان ریاض پہنچا اس وقت یہ تعلقات دوستانہ قائم رہے۔ کپتان شکسپیئر آنجہانی پولٹیکل افسر قویت عربوں کے مداح اور گہرے دوست تھے ان کی وساطت سے سلسلہ تعلقات مربوط و مضبوط ہوگیا الغرض ہمارے اور ابن سعود کے درمیان باہمی اتحاد و اعتماد کا سلسلہ تو پہلے ہی سے قائم تھا ترک تو آباؤ اجداد سے اس کے دشمن چلے آتے تھے ۱۹۱۴ء میں جنگ عظیم کے چھڑنے سے بیشتر اس نے ترکوں کے خلاف جنگ کیا تھا اور اس میں یہاں تک کامیابی حاصل کی تھی کہ الحصا پر قبضہ کر لیا تھا جبل شمار کے بسنے والے بھی اس کے دشمن تھے اس لئے ابن سعود نے شریک جنگ ہونے میں تامل نہیں کیا جنوری ۱۹۱۵ء میں وہ میدان جنگ میں اترا لیکن شومئی قسمت کپتان شکسپیئر جو اس کے ساتھ تھا جنگ جراب میں مارا گیا۔ اور ابن سعود کی پیادہ فوج میں دغابازوں نے اپنے ہاتھ دکھلائے نتیجہ یہ ہوا کہ اس جنگ میں جس کا آغاز فاتحانہ تھا سخت شکست کھانی پڑی۔ اس واقعہ کے بعد ہماری اور ابن سعود کی کمر ہمت ٹوٹ گئی اور مدت تک ہم میدان جنگ میں نہیں اترے !!

(زمیندار صفحہ اول ۷ فروری ۱۹۲۳ء)

(۳)

اشرفیوں کی تھیلی

نامہ نگار ہندکو ر مجلس قاہرہ اور سر پرسی کاکس کے مرتبہ قانون انتخاب کے ذکر میں لکھتا ہے کہ :۔

جب کثرت رائے سے انتخاب عمل میں آئیگا اس وقت دیکھ لینگے۔ امیر عبد الرحمٰن عرب میں محض اجنبی آدمی کی وقعت رکھتا ہے۔ لہذا وقت آئیگا کہ وہ ہمارے سامنے ٹھیر نہ سکیگا۔ پس جو کام کرنا ہے حکومت نے سوچا وہ یہ ہے کہ امیر فیصل کو پہلے ملک میں بھیجا جائے مصمم ہو گیا کہ یہ ہونا ہی چاہیئے تیاریاں ہونے لگیں ساتھ ہی اس عزم کے اس امر کی بھی پوری کوشش کی گئی کہ عوام کی نظر سے اس حقیقت کو بالکل پوشیدہ رکھا جائے کہ برطانیہ کا ہاتھ اس میں نہیں ہے اور فوراً نظام عمل اس کے لئے مرتب ہونے لگا وہی نظام عمل جو کبھی سر پرسی کاکس نے اپنے لئے بنایا تھا ابن سعود کو کانٹے کیطرح کھٹکتا تھا لیکن انجمن اتحاد عربی کے پاس ایک سیدھا سادا النسخہ تھا اور وہ اشرفیوں کی تھیلی تھی ۔" (زمیندار صفحہ اول ۱۰ فروری ۱۹۲۲ء)

(۴)

اشرفیوں کا توڑا

" ایک دوسرے حقیقت نگار نے اس حقیقت سے بحث کرتے ہوئے کہ دو برس سے بھی کم میعاد میں کرنیل لارنس نے وہاں بیس ہزار اشرفیاں تقسیم کر دیں۔ یہ کہا تھا کہ اس کا تو تعجب نہیں کہ انہیں وہاں اقتدار حاصل ہوا بلکہ اس کا تعجب ہے کہ اب مطلق اقتدار نہیں رہا۔ اور اگر بجائے ان کے میں ہوتا تو کبھی عرب میں نظم و نسق نہ کرتا۔ بلکہ میں خود بادشاہ بن بیٹھتا۔ ابن سعود کو اس طرح باطمینان اشرفیوں کا توڑا حوالہ کر کے ٹال دیا۔"

(زمیندار صفحہ اول ۱۱ فروری ۱۹۲۲ء)

(۵)

ساڑھے ہزار پونڈ سالانہ کی رشوت

ترکوں کی ناکہ بندی

"پھر بھی انہوں (نجدیوں) نے ہمیں جنگ کے آخری دور میں ترکوں کی ناکہ بندی میں معقول مدد دی جو جبل شمار اور بندر قویت کے راستہ اشیائے رسد حاصل کر رہے تھے اور ۱۹۱۸ء میں ابن رشید کے ملک پر چڑھ دوڑے"

اس سال انہوں نے سر پرسی کاکس کے پاس بغداد میں ایک سفارت بھیجکر ظاہر کیا کہ ہمارے صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا ہے۔ یا تو شاہ حسین کو اپنا رویہ بدلنے کیلئے خاص تنبیہ کر دی جائے ورنہ ہم انتقام گیری پر مجبور ہو جائیں گے۔ امیر فیصل کو بغداد میں شاہی تخت پر بٹھانا مزید ظلم تھا۔ ابن سعود نے صاف صاف کہدیا کہ میرے گرد دو بھٹیاں سلگا دی گئی ہیں پھر میں کیسے ہاتھ پاؤں توڑ کر خاموش بیٹھ سکتا ہوں۔ مزید برآں ایک تیسری خطرناک مصیبت یعنی عبداللہ ماورائے یردن پر قابض ہے سر پرسی کاکس نے اس احتجاج کے جواب میں اسے "شاہ نجد" کے نام سے مخاطب کیا اس خوشامد تملق، اور ساڑھے ہزار پونڈ سالانہ کی رشوت سے جو ماہ بماہ ادا ہوتی رہے گی ابن سعود کو خاموش رکھنے کی امید کیجاتی ہے"

(زمیندار صفحہ اول بابت ۱۲ فروری ۱۹۲۲ء)

ابن سعود نجدی اور اس کی حکومت کی "اسلام پرستی" اور "انصار ملی کشی" کا یہ اجمالی نقشہ ہے جسے وہی اخبار شائع کر چکا ہے جو آج "نجدیت نوازی" کے علمبرداروں میں چوٹی کا "مجاہد" سمجھا جاتا ہے۔

صاحبو! آپ نے دیکھ لیا کہ نجدی باغی کسطرح مخالفین اسلام سے ملکر ترکوں کو صفحہ ہستی سے مٹا دینے کی کوششیں کرتے رہے ہیں؟ ؎

دشمن کے دوست (دوست کے دشمن ہیں بے سبب) دیکھو وہابیوں کی عداوت عجیب ہے

وہابیوں کی صلیبی لڑائیاں

زمیندار کی شہادت

اوپر جو اقتباسات میں درج کرچکا ہوں وہ میں نے خود "زمیندار" کے پرچوں سے نقل کئے ہیں۔ ذیل میں معزز روزنامہ "سیاست" لاہور کے حوالہ سے "زمیندار" کی رائے جو اس نے اس ہڑبونگ سے پہلے ظاہر کی تھی درج کرتا ہوں۔

"جناب مفتی حمایت اللہ صاحب سیکرٹری انجمن معین الاسلام لاہور نے ۸ جون ۱۹۲۰ء کا زمیندار پڑھکر سنایا جس میں وہابیوں کو مفتری لکھا گیا ہے۔ اور وہابی کے لفظ کو بغاوت کذب و بہتان کا مترادف ظاہر کیا گیا تھا۔ اور لکھا تھا کہ ابن سعود انگریزوں کا وظیفہ خوار ہے اور اسلام کی نہیں بلکہ صلیب کی لڑائیاں لڑتا ہے۔"

("سیاست" بابت ۱۹ ستمبر ۱۹۲۵ء)

برطانیہ کا پٹھو ابن سعود

مسٹر محمد علی صاحب کا فتویٰ

مشہور لیڈر جناب مسٹر محمد علی صاحب ایڈیٹر "ہمدرد" و "کامریڈ" نے (جو آجکل ابن سعود کے خاص نعت خوانوں میں داخل ہیں) اس تقریر میں جو آپ نے خلافت کانفرنس کراچی میں فرمائی تھی ابن سعود کے متعلق فرمایا کہ:۔

اگر کسی وقت شریف مکہ امیر فیصل برطانیہ کے برخلاف ہو جائیں تو بنظر حفظ ما تقدم ایک دوسرے پٹھو کو بھی تیار کر لیا ہے۔ اور وہ ابن سعود ہے۔ جسے ساٹھ ہزار پونڈ (۹ لاکھ روپئے) سالانہ . . .

دیے جاتے ہیں تاکہ بوقت ضرورت اس کو شریف کی جگہ بٹھایا جائے۔"
(تقاریر مسٹر محمد علی صاحب مطبوعہ غنی المطابع دہلی حصہ دوم صـ۶۷)
غرض جو لوگ آج ابن سعود کو فرشتہ رحمت ثابت کرنے کے لئے ایڑی چوٹی کا زور لگا رہے ہیں وہی کچھ عرصہ پہلے اس کو غدار برطانیہ کا پٹھو اور نصاریٰ پرست وغیرہ خطابات دے چکے ہیں۔ اب مجھ پر تو کسی صاحب کو ناراض نہ ہونا چاہیئے ناراض ہونے والے صاحبوں کو چاہیئے کہ وہ اپنے قلم اور اپنی زبان کو مارے غصہ کے کاٹ کھائیں جس سے قبل از وقت "شریفی پروپیگنڈا" ہو چکا ہے۔ اور اب وہ اپنے اس "جرم" کی کوئی صفائی نہیں پیش کر سکتے۔

دل کی نہیں تقصیر مگر آنکھیں ہیں ظالم
یہ جا کے نہ لڑتیں وہ گرفتار نہ ہوتا

نجدیوں کی مذہبی کہانی
اُن کی اپنی زبانی

مدعی لاکھ پہ بھاری ہے گواہی تیری

نجدیوں کے باطل اور فاسد عقائد اس قدر واضح ہیں کہ بڑے بڑے اکابر علماء و محدثین ان کی تردید میں کتابیں تحریر فرما چکے ہیں۔ خود شیخ نجدی محمد بن عبدالوہاب آنجہانی کے حقیقی بھائی شیخ سلیمان بن عبدالوہاب اپنے گمراہ بھائی کی تردید کرنے پر مجبور ہو گئے تھے لیکن آجتک نجدیوں کے ہندوستانی چیلے یہی کہتے رہے کہ جن عقائد کو نجدیوں کی طرف منسوب کیا جاتا ہے وہ ان سے بری الذمہ ہیں۔ مگر باطل پر کبتک پردہ رہ سکتا ہے قدرت نے خود نجدیوں کے ہاتھوں اسکو چاک کرا دیا۔

آئینہ دیکھ اپنا سا منہ لے کے رہ گئے
نجدی کو دل نہ دینے پہ کتنا غرور تھا

عبدالعزیز ابن سعود موجودہ امیر نجد نے مکہ معظمہ پر قابض ہونے کے بعد اپنے مخصوص

عقائد کے پروپیگنڈا کے سلسلہ میں کتاب "مجموعۃ التوحید" کو شائع کر کے گذشتہ حج کے موقع پر مفت تقسیم کیا۔ اس مجموعہ میں مختلف رسائل ہیں جن کے نام بھی مختلف ہیں مگر صفحات کا نمبر مسلسل ہے یہ کل مجموعہ ۴۰۹ صفحات پر مشتمل ہے میں اس کتاب کا بالاستیعاب مطالعہ نہیں کر سکا۔ کیونکہ میں نے یہ کتاب ایک صاحب سے عاریۃً لی تھی اس لئے کافی وقت تک میرے پاس نہ رہ سکی۔ تاہم متفرق مقامات کے مطالعہ کے بعد چند عبارات مل گئیں جن سے نجدیوں کے عقائد کا اندازہ ہو سکتا ہے ایک اور مستقل رسالہ "الھدیۃ السنیہ" کے نام سے ابن سعود کے حکم سے شائع ہوا ہے وہ بھی میں نے سرسری طور پر دیکھا ہے اس میں بھی خرافات کا ایک ذخیرہ موجود ہے۔ لیکن بخوف طوالت نمونہ کے طور پر صرف مجموعہ مذکورہ کی چند عبارتیں مع ترجمہ ذیل میں نقل کرتا ہوں۔

نبی کریم سے توسّل ناجائز

فلو جاز ان یتوسل عمر و الصحابۃ بذات النبی صلی اللہ علیہ وسلم بعد وفاتہ لما صلح منہم ان یعدلوا عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم الی العباس علم ان التوسل بالنبی صلی اللہ علیہ وسلم بعد وفاتہ لا یجوز۔

(مجموعۃ التوحید مطبوعہ ام القری مکہ معظمہ ص ۲۱ سنہ ۱۳۴۳ھ)

(ترجمہ) پس اگر حضرت عمر اور صحابہ کا نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی ذات سے آپکے انتقال کے بعد توسل کرنا جائز ہوتا تو وہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو چھوڑ کر حضرت عباس کی طرف متوجہ نہ ہوتے۔ اس سے معلوم ہوا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو آپکی وفات کے بعد وسیلہ بنانا جائز نہیں ہے۔

"اسألک بانبیائک" کہنا بھی مکروہ

ویکرہ ان یدعو اللہ الا بہ فلا یقول اسألک بفلان او بملائکتک او بانبیائک ونحو ذلک۔

حوالہ مذکورہ

(خلاصہ) خدا کو کسی کا واسطہ دیکر پکارنا مکروہ ہے۔ پس یوں نہ کہے کہ اے خدا میں فلاں یا تیرے فرشتوں یا تیرے نبیوں کی طفیل تجھ سے سوال کرتا ہوں۔ (یہ عقیدہ جمہور اہلسنت کے خلاف ہے)

نبی کریم سے طلب شفاعت حرام

"فطلب الشفاعۃ من النبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرہ بعد وفاتہ وبعدہ عن الداعی لا یحبہ اللہ تعالیٰ ولا یرضاہ"

(مجموعۃ التوحید صفحہ ۳۴۳)

(ترجمہ) پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے غیر سے شفاعت طلب کرنا ان کی وفات کے بعد اور آپ کے دور ہونے کے وقت دعا کرنے والے سے اس کو اللہ تعالے ناپسند کرتا ہے۔

ع۵ نجدی نے جس حدیث کو آڑ بنایا ہے۔ اسکا وہ مطلب ہی نہیں سمجھے اور اسطرح ان صحیح احادیث کو پس

کفری ٹکسال کے نئے سکّے

وہابیوں کے بنائے ہوئے کافروں کی مختصر فہرست

نجدی طائفہ مسلمانوں کو کافر بنانے کا جس قدر شوق رکھتا ہے۔ وہ تمام کافر گروں کی جذبات تکفیر سے بڑھ چڑھ کر ہے۔ ان کے مخترعہ عقائد کی کسوٹی پر نہ صرف بریلوی، نہ صرف دیوبندی، نہ صرف فرنگی محلی، بلکہ ہمارے ہاں کے غیر مقلدین، کارکنان خلافت اور حامیان نجدیہ بھی مسلمان ثابت نہیں ہو سکتے بلکہ میں عرض کرتا ہوں کہ خود نجدی طائفہ بھی اپنے عقائد کی بناء پر کافر ہوا جاتا ہے۔ میں ان کے ایسے عقائد کی نہایت مختصر فہرست ہدیہ ناظرین کرتا ہوں :۔

(۱) کافروں سے مدارات کرنے والا کافر (۲) کافروں کے کہنے پر عمل کرنے والا کافر (۳) کافروں کو امراء اسلام کے پاس لیجانیوالا اور ان کو ہم مجلس بنانے والا کافر (۴) کافروں سے کسی امر میں مشورہ کرنے والا کافر (۵) مسلمانوں کے امور میں سے کسی ایک مثلاً سلاطین (و خلافت) وغیرہ میں کافروں سے کام لینے والا کافر (۶) کافروں کے پاس بیٹھنے والا اور ان کے ہاں جانے والا کافر (۷) کافروں سے خوش مزاجی کے ساتھ پیش آنیوالا کافر (۸) کافروں کا اکرام کرنے والا کافر (۹) کافروں سے امن طلب کرنے والا کافر (۱۰) کافروں کی خیر خواہی کرنے والا کافر (۱۱) کافروں سے مصاحبت و معاشرت رکھنے والا کافر (۱۲) کافروں کو سردار کہنے والا کافر (۱۳) علم طب جاننے والے کو "حکیم" کہنے والا کافر (۱۴) کافروں کے ملک میں ان کے ساتھ رہنے والا کافر یہ مختصر فہرست ہے ان لوگوں کی جو نجدیوں کے نزدیک کافر ہیں۔ یہ فہرست کتاب مذکور کے صفحہ ۸۶ و ۸۷ سے نقل کی گئی ہے۔ بنظر اختصار اصل عربی عبارتیں نہیں لکھی گئیں اصل کتاب دیکھکر ہر شخص تشفی کر سکتا ہے۔

میں ان کے مذکورہ مسائل پر تبصرہ کرنے کی ضرورت نہیں سمجھتا۔ خدا نے جس شخص کو تھوڑی سی عقل بھی عطا فرمائی ہے وہ نتیجہ نکال سکتا ہے کہ نجدی اپنے خیالات و مذہب پر قائم رہکر ہم مسلمانوں کو کسی طرح بھی مسلمان نہیں سمجھ سکتے اور واقعات اس کی

تائید کرتے ہیں کہ وہ تمام مسلمانوں کو کافر و مشرک جانتے ہیں چنانچہ طائف شریف میں ان لوگوں نے بےگناہ مسلمانوں کو کافر اور مشرک سمجھ کر شہید کیا جیسا کہ علمائے دیوبند بھی اس کی تصدیق فرما چکے ہیں۔

ہاتھی کے دانت

میں حیران ہوں کہ ایک طرف تو نجدیوں کا اس قدر تشدد کہ کافروں سے ہر قسم کا مشورہ کرنا اور ان سے خوش مزاجی کے ساتھ پیش آنا بھی کفر اور دوسری جانب ان کا یہ طرز عمل کہ انگریزوں سے رشوت لیکر ترکوں پہ حملے کئے۔ ان کی ناکہ بندی کی خلیفۂ اسلام سے بغاوت و غداری کرتے رہے۔ برطانیہ کے دوست بنے رہے۔ اور حال ہی میں خبر آئی ہے جو "زمیندار" وغیرہ میں بھی شائع ہو چکی ہے کہ جدہ میں عنقریب ایک کانفرنس منعقد ہونے والی ہے جس میں نمائندگان حجاز و نجد و برطانیہ جمع ہوں گے۔ میں پوچھتا ہوں کہ جب ہر امر میں کافروں سے مشورہ طلب کرنا کفر ہے تو مسئلہ حجاز ایسے مذہبی معاملہ میں برطانیہ کی شرکت کو منظور کر لینا کہاں کا اسلام ہے؟

اے قاسمی بڑی دھوم تھی نجدی کے "زہد" کی
میں کیا کہوں کہ رات مجھے کس کے گھر ملے

نجدی توحید کی کرشمہ سازیاں

امام رازیؒ و دیگر اکابر امت کی تکفیر

"وھذا لا یمنع کونہ جاھلا بالتوحید کما جھلہ من ھو اعلم و اقدم منہ ممن لہ تصانیف فی المعقول کالفخر الرازی و ابی معشر البلخی ونحوھما ممن غلط فی التوحید"
(مجموعۃ التوحید صفحہ ۲۲۰)

(ترجمہ) اور یہ خالد ازہری شارح توضیح کے توحید سے جاہل ہونیکو مانع نہیں۔ جیسے کہ وہ لوگ بھی توحید سے جاہل تھے جو خالد ازہری کی نسبت زیادہ علم والے تھے اور معقول میں ان کی تصانیف ہیں مثلاً فخر رازی اور ابو معشر بلخی وغیرہما جنہوں نے توحید کے مسئلہ میں غلطیاں کیں۔

مصنف قصیدہ بردہ شریف پر کفر کا فتوے

"وقد حاول هذا الجاهل المعترض صرف ابيات البردة عما هو صريح فيها نص فيما دلت عليه من الشرك في الربوبية والالهية ومشاركة الله في علمه وملكه وهي لا تحتمل ان تصرف عما هي فيه من ذلك الشرك والغلو"

(حوالۂ مذکورہ)

(ترجمہ) "یہ جاہل معترض قصیدہ بردہ کے ابیات کو ان کے صریح مفہوم سے پھیرنا چاہتا ہے۔ ان ابیات میں وہ مضامین مصرح ہیں جو شرک فی الربوبیۃ شرک فی الالوہیۃ اور اللہ کے علم اور اس کے ملک میں مشارکت پر دلالت کرتے ہیں۔ اور ان میں شرک اور غلو اس درجہ کا ہے کہ اس کے خلاف معنی مراد لئے جانیکا احتمال بھی نہیں"

ناظرین کرام دیکھئے امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ ایسے ستون اسلام اور دوسرے بزرگوں کو کس طرح صاف الفاظ میں "توحید سے جاہل" قرار دیکر نجدیوں نے اپنی خباثت کا ثبوت دیا ہے اور کس طرح قصیدہ بردہ شریف کو شرک کہکر اس کے بزرگ مصنف اور اس کے پڑھنے والوں کو جن میں ہزاروں علماء و صلحاء بھی داخل ہیں مشرک بنا کر کفر پروری کا مظاہرہ کیا گیا ہے؟ ؎

چوں خدا خواہد کہ پردہ کس درد
میلش اندر طعنۂ پاکاں برد

ان عبارات کو پڑھکر شیخ الاسلام علامہ زینی دحلان محدث شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے اس قول کی پوری تصدیق ہو جاتی ہے۔ کہ نجدی چھٹی صدی کے بعد کے تمام مسلمانوں کی تکفیر کرتے ہیں۔ ؎

کانوں سے سنا کرتے تھے جادو بھی ہے اک شے
آنکھوں سے تیری نرگس فتاں نے دکھا دیا

نجد میں نئی شریعت

اس مجموعہ کے صفحہ ۱۵۰ و ۱۹۱ میں نجدیوں نے سوال و جواب کے طرز پر اپنا ایک عقیدہ لکھا ہے جو ان کے بدترین اور خطرناک عقیدات میں سے ایک ہے اختصار کو ملحوظ رکھکر اس کا صرف ترجمہ درج کرتا ہوں۔ اصل مقصد کے بیان کرنے میں اگر کوئی میری خیانت ثابت کر دیگا تو میں علانیہ اس اپنی خیانت کے اعتراف کا وعدہ کرتا ہوں۔ اس کا بامحاورہ ترجمہ یہ ہے :-

" اس شخص کے حق میں آپ کا کیا فتویٰ ہے جو اسلام میں داخل ہوا اور اس سے محبت کرتا ہے۔ لیکن مشرکوں سے عداوت نہیں کرتا یا عداوت کرتا ہے لیکن ان کو کافر نہیں کہتا یا اس نے کہا کہ میں مسلمان ہوں مگر لا الٰہ الا اللہ کہنے والوں کو میں کافر نہیں کہہ سکتا اگرچہ وہ اس کے معنی نہ سمجھتے ہوں۔ اور اس شخص کے متعلق آپ کیا فتویٰ دیتے ہیں جو اسلام میں داخل ہوا اور اسلام سے محبت کرتا ہے لیکن وہ یہ کہتا ہے کہ میں قبوں کو نہیں گراتا حالانکہ میں جانتا ہوں کہ قبے نہ نفع پہنچا سکتے ہیں اور نہ نقصان مگر میں اس سے تعرض نہیں کرتا (یعنی ان کو نہیں گراتا) پس ان سوالات کا جواب یہ ہے کہ کوئی شخص مسلمان نہیں ہو سکتا جب تک وہ توحید کو نہ سمجھے اور اس کے موجبات پر عمل نہ کرے۔ اور رسول علیہ السلام کی تصدیق نہ کرے۔ ان امور میں جن کی آپ نے خبر دی اور جس کام سے آپ نے منع فرمایا اس سے رک نہ جائے اور جس کام کے کرنے کا آپ نے حکم فرمایا وہ نہ کرے۔ اور آپ پر اور آپ کے لائے ہوئے احکام پر ایمان نہ لائے۔ پس جس شخص نے کہا کہ میں مشرکوں سے عداوت نہیں کرتا یا وہ ان سے عداوت کرتا ہے مگر ان کی تکفیر نہیں کرتا یا اس نے کہا کہ میں لا الٰہ الا اللہ کہنے والوں سے تعرض نہیں کرتا اگرچہ وہ کفر و شرک کا ارتکاب کرتے ہوں۔ اور دین الٰہی سے عداوت رکھتے ہوں۔ یا اس نے کہا کہ میں قبوں سے تعرض نہیں کرتا (یعنی ان کو نہیں گراتا) تو ایسا شخص مسلمان نہیں بلکہ یہ ان لوگوں میں سے ہے جن کے حق میں اللہ تعالےٰ نے فرمایا ہے

"ویقولون نؤمن ببعض ونکفر ببعض ویریدون ان یتخذوا بین ذالک سبیلا اولٰئک ھم الکافرون حقا. واعتدنا للکافرین عذابا مھینا"

ایک غور طلب نکتہ

نجدی مفتی اس عبارت میں صاف کہتا ہے کہ اگر کوئی شخص اسلام میں داخل ہو کر اسلام سے محبت کرتا ہو اور اس کا یہ بھی اعتقاد ہو کہ قبے نہ نفع پہنچا سکتے ہیں اور نہ نقصان لیکن وہ ان کو نہیں گراتا تو فقط اس "جرم" کے باعث قطعاً و یقیناً کافر ہے۔ اس کے ساتھ اس حقیقت کو ہمیشہ نظر رکھا جائے۔ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے مزار اقدس پر جو گنبد خضراء ہے وہ بھی دوسرے بزرگوں کے مزارات کے قبوں کی طرح ایک قبہ ہے۔ اب دو صورتیں ہیں یا تو (خاک بدہن اعداء) اسکو گرا دیا جائے گا اس صورت میں ابن سعود کے وعدوں کی مٹی پلید ہو جائے گی۔ اور یا وہ اس کو نہیں گرائیگا۔ لیکن اس صورت میں طائفہ نجدیہ اپنے قول کے مطابق قطعاً کافر اور یقیناً جہنمی ہوگا۔ ؎

ہر دو گونہ رنج و عذاب است جان مجنوں را
بلائے صحبت لیلا و فرقت لیلےٰ

خاتمہ سخن

میں نے یہانتک نجدی جماعت کی سیاسی و مذہبی حالت پر ایک اجمالی بحث کی ہے اہل اسلام خود اندازہ لگالیں کہ ایسی خطرناک جماعت کا مرکز اسلام پر تسلط مقاصد اسلامیہ کے لئے کس حد تک مفید ہو سکتا ہے۔ باقی رہ گئی یہ بات کہ انہوں نے وعدہ کیا ہے کہ ہم خاندان شریف کو حجاز سے نکالکر اسکا انتظام مسلمانان عالم کے سپرد کر دینگے سو ظاہر ہے کہ ایک ملک پر قابض ہو جانے کے بعد کون اس کو چھوڑ سکتا ہے۔ ؎

ہم کو معلوم ہے وعدہ کی حقیقت لیکن
دل کے خوش کرنیکو بیشک یہ خیال اچھا ہے

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ رسولہ سیدنا محمد وآلہ واصحابہ اجمعین

نجدیّت کا پول

اس نام کا ایک چھوٹا سا رسالہ جناب مولانا مولوی محمد بہاء الحق صاحب قاسمی امرتسری نے تالیف فرمایا ہے جو رسالہ حنفی کے ساتھ شائع ہوا ہے۔ اور اس کی علیحدہ کاپیاں بھی بتعداد کثیر چھاپ لی گئی ہیں تاکہ وہ لوگ جنہیں رسالہ حنفی کے ملاحظہ کا اتفاق نہیں ہوتا مطالعہ فرما سکیں۔

اس رسالہ میں دو عنوان ہیں۔ ایک سیاسی دوسرا مذہبی سیاسی عنوان میں جس قدر لکھا گیا ہے وہ زمیندار کے ۱۹۲۲ء کے فائل سے لیا گیا ہے۔ اور اس کے متعلق جس قدر کہانی ضبط تحریر میں آئی ہے وہ زمیندار کی زبانی ہے۔ اور مذہبی عنوان کے نیچے خود قرن الشیطان ابن سعود مردود کی شائع کردہ کتاب مجموعۃ التوحید سے اقتباسات لئے گئے ہیں جو نجدی ملعون مذکور نے مطبع ام القریٰ مکہ معظمہ میں چھپوا کر مفت تقسیم کی ہے۔ اس کتاب یا مجموعہ میں قرن الشیطان اول محمد بن عبد الوہاب اور اس کی نسل کے تصنیف کردہ چند رسالے ہیں۔ ہندوستان کے شیطانی اخبارات متعدد مضامین میں نجدی ملعون کے اعتقادات پر پردہ ڈالنے کی کوشش کر چکے ہیں۔ اور ہر زبان کی مستند تاریخوں کو عموماً اور علامہ زینی دحلان جیسے محقق و تاریخ نگار اور شیخ سلیمان نجدی اور محمد بن عبد الوہاب کو خصوصاً جھٹلانے کی ناکام سعی ہو چکی ہے مگر ان کو کیا معلوم تھا کہ ضرور انہیں کا آقا اور ولی نعمت قرن الشیطان ثانی ان کی ساری کوششوں پر ایک دم پانی پھیر دیگا۔ اور خود ایک کتاب کے ذریعہ سے اپنے ہندوستانی چیلوں ایجنٹوں اور دلالوں کا منہ کالا کر دیگا۔

پہلے عنوان کے مطالعہ سے ناظر کتاب ان نتائج پر پہنچتا ہے کہ:۔

(۱) خاندان شیخ نجدی لعنۃ اللہ علیہ اپنے خروج کے زمانہ سے اب تک سلطنت عثمانیہ کا باغی رہا۔ برسر پرخاش رہا حتی کہ ۱۹۱۲ء میں جنگ عظیم کے شروع ہونے سے پہلے وہ بامداد کپتان شکسپیئر (انگریزی افسر) ترکوں کو شکست دے چکا تھا۔ اور الحصا ترکوں سے چھین کر اپنے قبضہ میں کر چکا تھا مگر دفعۃً کپتان شکسپیئر کے مارے جانے سے نجدیوں کو فتح مبدل بہ شکست ہو گئی۔

(۲) موجودہ قرن الشیطان ملعون یعنے ابن سعود علاوہ ساٹھ ہزار پونڈ سالانہ وظیفہ کی اشرفیوں کی تھیلیاں بطور رشوت صرف اس غرض سے لے چکا ہے کہ ترکوں کے مفاد کو نقصان پہنچے۔

(۳) پہلے یہ خاندان اپنے جدید مذہب کو تلوار کے زور سے پھیلاتا تھا مگر موجودہ قرن الشیطان نے محبت سے اپنے مبلغین کے ذریعہ سے اشاعت کی دور کامیابی حاصل کی

پہلے دو امور کے متعلق تو ہمیں کچھ لکھنے کی ضرورت نہیں کیونکہ ان امور کو پہلے بھی قارئین کرام اسی اخبار الفقیہ میں ملاحظہ فرما چکے ہیں مگر شیطانی اخبارات نے مسلمانوں سے ان امور کو مخفی رکھنے کی کوشش کی اور ان کا ذکر تک اخبارات میں نہ کیا شیطانی ایجنٹ جانتے تھے کہ اگر ان کے اخباروں کے مطالعہ کرنے والے ان حقیقتوں سے واقف ہو گئے۔ اور اصل معاملہ ان کے سامنے کھل گیا تو شیطانی پروپیگنڈا کو شکست ہو جائیگی اور تار و پود بکھر کر رہ جائیگا۔ اور شیطانی ایجنٹوں کے تنور شکم کیلئے ایندھن کا مہیا ہو جانا بیحد دشوار ہو جائیگا اگر یہ لوگ شیطانی ایجنٹ و دلال نہ ہوتے اور غیر جانبدارانہ حیثیت رکھتے تو تمام حقیقتوں کی چہرہ کشائی ان کا فرض منصبی ہوتا۔ مگر ان کی سنہری در دپہلی مصلحتوں نے انہیں دیانتداری سے روکا اور یہ لوگ اگرچہ بظاہر خاموش تھے مگر زبان حال سے پکار کر کہتے تھے ؎

اے دیانت بر تو لعنت از تو رنجے یافتم

وے خیانت بر تو رحمت از تو گنجے یافتم

تاہم ہمیں لاہور کے شیطانی اخبار معروف زمیندار سے یہ پوچھنے کا حق حاصل ہے کہ جب ۱۹۲۴ء کے ماہ فروری تک تم اسی اپنے آقائے دلی نعمت ملعون شیطان نجد کو بے ایمان باغی مسلمانوں کا دشمن اسلام کا بدخواہ سلطنت برطانیہ کا پٹھو سمجھتے تھے تو آج کونسی منطق کی بناء پر وہ شیطان غازی اور سلطان اور اس کا رجیم لشکر مجاہدین اسلام بن گئے۔ اور پھر اسی شیطان کو جو صدیوں سے دشمن اسلام رہ چکا ہے نو سال کے باغی پر کسی دلیل شرعی سے ترجیح ہو سکتی ہے۔

امر سوئم کے متعلق ہم اپنے قارئین کرام کی توجہ شیطانی پروپیگنڈا کے اس جزو کیطرف منعطف کراتے ہیں جس میں بیان کیا جاتا ہے کہ شیطانی گروہ حنبلی مذہب کا پیرو ہے۔ اور ہم شیطانی گروہ سے جو ان کو حنبلی بنا رہا ہے پوچھتے ہیں کہ حنبلی تو اس علاقہ کے لوگ

ہمیشہ سے چلے آتے ہیں۔ مگر وہ کونسا جدید مذہب ہے جسکی اشاعت یہ شیطانی گروہ پہلے تلوار سے کر رہا تھا بعد میں محبت واخوت کے ذریعہ سے۔ اس کا جواب یہ تو ہو نہیں سکتا کہ حنبلی مذہب کی اشاعت تھی۔ کیونکہ سارا نجد اور اس کے قرب وجوار کا علاقہ محمد بن عبدالوہاب ملعون قرن الشیطان اول کے پیدا ہونے سے مدتوں پہلے حنبلی تھا۔ زمیندار ہم پر ۱۹۲۲ء میں یہ ظاہر کر چکا ہے کہ وہ اپنے نئے مذہب کی اشاعت کرتا تھا۔ اس سے ثابت ہوا کہ شیطانی ایجنٹوں کا یہ بیان کہ وہ حنبلی مذہب رکھتے ہیں بالکل غلط کذب بیانی اور عامہ مسلمین کو دھوکا دینے کی غرض سے ہے۔

ہم امید کرتے ہیں کہ یہ رسالہ شیطانی جماعت کی روسیاہی کے لئے کافی ذریعہ ہے۔ اور جو حضرات اسے غائر نظر سے ملاحظہ فرمائیں گے وہ ضرور اس نتیجہ پر پہنچینگے کہ شیطانی جماعت اپنے روحانی مورث اعلےٰ الشیخ نجدی اور موجودہ قرن الشیطان کی حمایت اور شیطانی پروپیگنڈا کی اشاعت کے لئے ہر قسم کی بے ایمانی دروغ بافی کذب بیانی روا رکھتی ہے۔

اس رسالہ کی قیمت ۲ ہے ۲ کے ٹکٹ آنے پر بھیجا جائیگا۔ غیر تمند ذی استطاعت مسلمانوں کو لازم ہے کہ اسکی ہزاروں کاپیاں ہندوستان کے ہر گوشہ میں پہنچادیں ۵۰ جلد کے خریدار سے پانچ روپیہ اور سو جلد کے خریدار سے آٹھ روپیہ آٹھ آنہ۔ اور سو سے زائد جلدوں کے خریدار کو فیصدی ۸ کے بھی دیئے جائیں گے۔ علاوہ محصولڈاک کی رعایت ہوگی۔

(خاکسار: معراج الدین احمد مدیر الفقیہ امرتسر

اطلاع

ناظرین اس ٹریکٹ کو بکثرت منگوا کر اپنے عزیزوں دوستوں میں مفت تقسیم فرما کر ثواب دارین حاصل کریں

ہماری ہاشمی رگ میں وہی کس ہے وہی بل ہے

از جناب مولانا مولوی صفی صاحب لکھنوی

قیامت آگئی اسلام کی دنیا میں ہلچل ہے
شہ ختم الرسل گہوارۂ مرقد میں بیکل ہے

مدینہ پر بھی سنتا ہوں کہ قابض ہوگئے نجدی
اگر یہ واقعہ سچ ہے تو پھر قصہ ہی فیصل ہے

وہ اسلام آہ جنکے کنگروں کے سر جھکاتے تھے
اب اسکا خون شرک کفر کے ماتھے پہ صندل ہے

ملائک تک جہاں بے اذن ہرگز آنہ سکتے تھے
وہاں ہنگامہ آرا آج اک نجدی گنوار دل ہے

شاقی ہے جو چن چن کر نشانات آل ہاشم کے
یزیدی عہد کی وہ فوج تصویر مکمل ہے

نہ کیونکر دشمنان اہل بیت اسکے معترف ہوں
کہ نجدیت درحقیقت ناصبیت کا ہی اک پھل ہے

یہ تیر دامن تہذیب پر ہے بدنما دھبہ
کہ پشت ہیکلیت پہ سرطانی یہ دنبل ہے

دیار نجد محروم دعائے خیر پیغمبر
وہ خطہ ہے کہ ہر باشندہ جس کا فرد ارذل ہے

یہاں کے رہنے والے گورکن حشمتی در سید ہیں
یہ نادانوں کی بستی ہے کہ کفاروں کا جنگل ہے

چلانا چاہتا ہے سب کو اپنے ہی عقائد پر
دماغ اس فرقۂ گمراہ کا کس درجہ مختل ہے

بچانا نجدیوں کے شر سے یارب قبر احمد کو
کہ اس صندوق میں کونین کی دولت مقفل ہے

خلافت کی کمیٹی نام تھا جس مرکزیت کا
سیاسی پہلوانوں کا وہ اب گویا کہ دنگل ہے

ہیں اسکے خاص پرزے روغن اکسیر سے چلتے
خلیفہ ساز ملت سور کیا چلتی ہوئی کل ہے

انہیں کیا کام اسلامی شعائر کی حفاظت سے
نظر میں جنکی شیخ نجد دنیا بھر سے افضل ہے

نہ کی تعظیم جسنے پاکے حکم سجدۂ آدم
یہ سب شاگرد اسی کے ہیں وہی استاد اول ہے

بہایا جارہا ہے خون ناحق اہل یثرب کا
بحکم خاص نجدی جو مامن تھا وہ مقتل ہے

خدا غارت کرے ابن سعود دیو سیرت کو
بشر کی شکل میں گویا کہ شیطان اک متشکل ہے

سواد جاہلیت پھر عرب میں عود کر آیا
ہدایت چھپ نظر ہر سمت پھر جویائے مشعل ہے

مسلمانوں ہوا ہی چاہتا ہے اب ظہور اسکا
ابھی تک پردۂ غیبت میں جو آنکھوں سے اوجھل ہے

نہ ہو گو مدتوں جو ساز مانے نے مگر اب تک
ہماری ہاشمی رگ میں وہی کس ہے وہی بل ہے

دلوں کو جوش ایمانی کی لہریں زندہ رکھتی ہیں
نہ ہو جس دل میں یہ بجلی وہ دل جز و معطل ہے

فدا کر دیں سب اپنی نقد جاں کو دین و ایمان پر
صفی حوران جنت کا یہی مہر معجل ہے

شاندار اسلامی کتب

ارتداد الوہابین فیض آباد کے ایک بازاری غیر مقلد کے رسالہ تکفیر المبتدعین کا دندان شکن جواب ہے۔ اس کتاب میں فرقہ باطلہ ضالہ مضلہ مبتدعیہ ناریہ کی اصلیت اور وہ مقدمات صحیفہ فوجداری جن میں غیر مقلدین ہوئے قابلدید کتاب ہے قیمت ۸ر

اباطیل وہابیہ۔ اگر آپ کو کسی غیر مقلد وہابیہ یا شیعان علی کے عقاید کفریہ و باطلہ کے سننے کا موقعہ ہوا ہو تو فوراً اس کتاب کا مطالعہ کریں جس سے عقاید وہابیہ سے بیزار ہو کر آپ پکے مومن بن جائیں گے۔ عبدالوہاب نجدی اور فرقہ وہابیہ کی تاریخ بھی درج ہے قیمت ۱ر

مرزائے قادیانی اور ختم نبوت المعروف ہمزائیت کا جنازہ مرزائے قادیانی کے دعوے نبوت کے تمام دلائل کا نہایت عمدگی اور شائستگی سے جواب دیا گیا ہے مصنفہ شیر اسلام حضرت مولانا مولوی غلام احمد آخگر محمدی احمدی سنی حنفی نقشبندی مجددی نوری امرتسری۔ حجم ۸۰ صفحات لکھائی چھپائی نہایت عمدہ قیمت نہایت عمدہ قیمت صرف ۸ر

خیر الکلام فی منع القرأۃ خلف الامام اس رسالہ میں قرأت خلف الامام کے متعلق ایک غیر مقلد مولوی کا حضرت مولانا مولوی محمد عبدالواحد خان صاحب رام پوری سلمہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ مباحثہ ہے۔ جو سوال وجواب کے رنگ میں ہے قابلدید رسالہ ہے صفحے ۴۴ قیمت ۴ر

شیعہ کا پول۔ اس چھوٹے سے رسالہ میں شیعوں کی معتبر کتابوں سے ان کے اعتقادات بحوالہ صفحہ درج کیے گئے ہیں۔ قیمت ۲ر ایک روپیہ کے دس۔ ایک روپیہ سے کم کے لیے ٹکٹ آنا چاہیئے۔

کرشمۂ قدرت۔ ایک دیوبندی وہابی مولوی کے افسانہ عبرت کا جواب جس میں علماء احناف کا نام لیکر فحش گالیاں دی گئیں ہیں اس کا جواب موسومہ کرشمۂ قدرت مصنفہ مولانا محمد خوب صاحب احمد آبادی قیمت ۸ر

رحمۃ للعالمین۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا رحمۃ للعالمین ہونے سے ایڈیٹر اہلحدیث کا انکار اور اس کا مدلل جواب قیمت ۵ر

میلاد الرسول صلعم **سرود حصہ** حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی مبارک تقریب کے متعلق ملک کے زبردست اہل قلم کے مضامین نثر و نظم قیمت ۲ر

ملنے کا پتہ

مینیجر الفقیہ امرتسر (پنجاب)

هٰذا بیان للناس وهدًی وموعظة للمتقین

(ترجمہ)

یہ بیان ہے لوگوں کے واسطے اور ہدایت اور نصیحت ڈر والوں کو

منشین با بدان کہ صحبت بد
گرچہ پاکی ترا پلید کند

ارتداد الوہابیین

فی جواب

اہل الذکر و تکفیر المبتدعین

پرتو نیکان نگیرد ہر کہ بنیادش بد است
تربیت نا اہل را چون گردکان بر گنبد است

مرتبہ ابی المحامد محمد علی برادر خورد حکیم مولوی محمد محمود صاحب
رحمۃ اللہ علیہ مئو اعظم گڈھی

زیر نگرانی حکیم معراج الدین احمد صاحب مالک و ایڈیٹر اخبار الفقیہ
و رسالہ حنفی امرتسر

روز بازار الکٹرک سٹیم پریس امرتسر میں چھپی

غلطنامہ کتاب ارتداد الوہابین فی جواب اہل الذکر و غیر المبتدعین

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۳	۱۳	داد	داؤد	۲۱	۱۵	موکر	ہوکر
۴	۶	منہ سے	موُنھ سے	۲۷	۱	لانّ تحرم	لانّ تحریم
۷	۲۰	ذکرالہی	ذکرِ الٰہی	۲۷	۲	انکار المسلم	اکفار المسلم
۷	۲۰	سب تعلیم	حسب تعلیم	۲۷	۷	انکار	اکفار
۸	۹	پہنچا ہوتا ہے	پہنچا ہوا ہے	۲۷	۲۱	سباب	اسباب
۱۰	۵	حلوالی	حلوائی	۲۷	۲۴	اسی نتیجہ	اس نتیجہ
۱۱	۱۷	علریہ	عربیہ	۳۲	۵	سیارے کے	سارے کے
۱۲	۷	زادا اللہ	زادہا اللہ	۳۳	۷	دین پر	دین میں
۱۳	۸	پیح	شیخ	۳۴	۲۰	رسولُ اللہ	رسولَ اللہ
۱۵	۲۴	فاجرہ	فاجر	۳۵	۴	کروہ	گروہ
۱۸	۸	نورالانوات	نورالانوار	۳۵	۵	لاوینگے	لاوینگے
۱۸	۱۷	ہے	ہیں	۳۶	۸	ہین	ہیں
۱۸	۱۹	رچشمہ	سرچشمہ	۳۹	۲۳	لنڈگیوں	گندگیوں
۲۰	۳	مولا	مولانا	۴۱	۳	ہے	ہیں
۳۰	۱۰	سب بڑی	بہت بڑی	۴۲	۹	مشک	بیشک
				۴۳	۱۱	ممبروں	ممیروں

غلطی سے بعض الفاظ رہ گئے ہیں اور بعض زیادہ لکھے گئے ہیں۔

صفحہ ۱۴ سطر ۲ میں حدیث شریف میں بخاری شریف (کو لکھنا چاہیے تھا میں) اور (کو) بھول گیا ہے

صفحہ ۲۰ سطر ۴ میں لفظ (کیا) زیادہ لکھا گیا ہے۔

صفحہ ۴۳ سطر ۶ میں اللہ سبحانہ تعالیٰ کے بعد لفظ (نے) رہ گیا ہے۔

صفحہ ۳۹ سطر ۱۰ کے نیچے سنہ ۱۲۴۶ھ غلط لکھا گیا ہے۔

صفحہ ۴۴ سطر ۴ میں امیر المومنین کے بعد لفظ (نے) زیادہ لکھا گیا ہے۔

صفحہ ۴۵ سطر ۲۰ میں گوشت کے بعد لفظ (خوری) رہ گیا ہے۔

صفحہ ۵۴ سطر ۱۱ میں اقرار کے بعد لفظ (نامہ) لکھنے سے رہ گیا ہے

صفحہ ۵۴ سطر ۱۷ میں نجدیوں کے بعد لفظ (کو) رہ گیا ہے۔

صفحہ ۶۴ سطر ۶ میں حاصل کے بعد لفظ (کرو) رہ گیا ہے

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

تمہید

دین اسلام کی تباہی اور بربادی کا سب سے بڑا اور پہلا ذریعہ اور سبب ترک
تقلید اور غیر مقلدیت اور وہابیت اور نجدیت اور نیچریت ہے۔ ترک تقلید
اور غیر مقلدیت ہی ایک ایسی تفرقہ انداز اور بری چیز ہے جس کی وجہ سے ہندوستان
جیسے طویل اور عریض ملک میں شہر شہر گاؤں گاؤں بلکہ پاڑہ پاڑہ قصبہ قصبہ دیہات
دیہات محلہ محلہ بلکہ گھر گھر ہزاروں اختلافات پیدا ہو گئے۔ اور فتنہ و فساد و جنگ و جدال
کے صدہا دروازے کھل گئے۔ غیر مقلدین وہابی نجدی قرآن و حدیث اور [illegible]
روز سے مسئلہ خلافت کو بھی [illegible] خدا تعالیٰ
کی پیاری مخلوق اور رسول اللہ روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت مرحومہ کو
سیدھے راستے سے بہکانے اور بھٹکانے اور گمراہ کرنے کی ناجائز و ناپاک
کوشش کر رہے ہیں۔ غیر مقلدین وہابی نجدیوں کو نہ قرآن پاک سے
کچھ غرض ہے اور نہ حدیث شریف سے مطلب۔ وہابیوں کا مطمح نظر
صرف اغوائے خلق اللہ ہے اور بس۔ چونکہ قبل قیام خلافت کمیٹی کے غیر مقلدین
ملحدین برادران احناف اور حضرات مقلدین کے قریب پھٹکنے تک نہ پاتے تھے
اس لیے غیر مقلدین کو حنفیوں کے بہکانے کا داؤ گھات نہیں ملتا تھا۔ اب یہ
غیر مقلدین چند سیدھے سادے حنفیوں کو پھانس پھونس کر خود ہی [illegible]
نے کہیں سکریٹری اور کہیں کچھ اور کہیں کچھ بنے۔ غرض کہ اسی حیلے سے دنیا کو بھی
طرح سے دل کھول کر گمراہ کر رہے ہیں۔ آج مسلمان اس حد تک پہنچ گئے ہیں

لہ ترکوں نے خلافت کا خاتمہ کر دیا۔ افسوس

کہ نہ ان کو دین کی فکر ہے اور نہ مذہب وملت کی پرواہ ان غیر مقلدین کے
میل جول سے جو کچھ نقصانات حضرات مقلدین کو پیش آرہے ہیں۔ وہ محتاج
بیان نہیں۔ جب سے خلافت کمیٹیاں قائم ہوئی ہیں۔ اور عوام برادران
احناف ان غیر مقلدین کے ساتھ مل جل گئے ہیں۔ تب سے ہر ممکن ذریعہ
سے موقع تلاش کرتے ہیں غیر مقلدین وہابی نجدی طرح طرح سے حنفیوں کو
ڈراتے اور دھمکاتے رہتے ہیں کہ خبردار کوئی حنفی مذہبی بات منہ سے نہ نکالے
ورنہ اتحاد اور اتفاق میں فرق پڑ جائیگا۔ مگر یہ غیر مقلدین وہابی نجدی دل
کھول کر حضرات مقلدین اور پیشوایان دین متین کو گالیاں دیں اور
عوام کو بہکاتے اور گمراہ کرتے ہیں تو کچھ مضائقہ نہیں جیسا کہ ہندوستان
میں عموماً اور ہمارے قصبہ مئو میں خصوصاً غیر مقلدین ملحدین عوام برادران
مقلدین کو گمراہ کررہے ہیں۔ چنانچہ ان دنوں دو رسالہ ایک مسمے باہل الذکر
مورخہ ۲۲ رمضان ۱۳۴۲ھ و دیگرے مسمے بتکفیر المبتدعین جسپر
عیار مصنف نے تاریخ و سال تک نہیں لکھا ہے۔ ایک اشر الناس غیر
مقلد وہابی نجدی کا لکھا ہوا نظر سے گذرا جسکے اندر تمامی حضرات
مقلدین غوث و قطب ابدال تک[1] کو جہنم کا کتا اور کافر اور فاسق اور ظالم
بتلایا گیا ہے۔ اور گلی گلی قصبہ مئو میں بکثرت مفت تقسیم ہورہا ہے اور
حنفی لوگ ہیں کہ ڈر کے مارے سہمے جاتے ہیں کہ ایسا نہو کہ غیر مقلدین ملحدین
کہیں ہمیں مسلم نہ نکل جائیں۔ افسوس ہزار افسوس میرے عزیزو و دوستو بزرگو
اتفاق اور اتحاد اسکا نام نہیں ہے کہ فریق مخالف ہمارے پیشوایان مذہب
وملت کو جہنم کا کتا اور کافر اور فاسق اور ظالم تک کہہ ڈالے اور ہم چپ
چاپ منہ میں مٹی بھرے بیٹھے سنا کریں۔ وہابیو۔ یہ یاد رہے کہ اگر تم لوگ
ہمارے پیشوایان ملت کو ایک بات بھی نا ملائم کہوگے تو ہم تمہاری ہفتاد
پشت کو بکھان کر رکھدینگے۔ ایسے اتحاد اور اتفاق پر ہزاروں بلکہ لاکھوں

[1] بلکہ انکے آبا و اجداد اور بزرگوں کو بھی کیونکہ وہ بھی مقلد تھے۔ اگر وہ جہنم کے کتے تھے (نعوذ باللہ)
تو یقیناً یہ بھی جہنم کے کتوں کی ذریت ہوئے ۱۲

اور اربوں لعنت ہے۔ وہ ستوان غیر مقلدین کو نہ تو خلافت سے کسی قسم کی ہمدردی ہے اور نہ خلیفۃ المسلمین سے کچھ محبت۔ یہہ سب دنیا سازی ہے گو ایسے بیہودہ اور لچر پوچ اور لغو اور لاطائل رسالہ جات سے اہل علم کا تو کچھہ بگڑ نہیں سکتا۔ مگر بیچارے عوام برادران دینی کم علم اور ان پڑھ لوگوں کے پاک اور صاف ستھرے دلوں میں شک اور شبہہ پڑ جانے کا یقینی اندیشہ اور خدشہ ہے۔ اسلئے بہ فحوائے ارشاد حضور انور روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم خیر الناس من ینفع الناس بغرض اطلاع اور آگاہی اپنے کم علم اور ان پڑھ برادران احناف یہہ چند سطور لکھے دیتا ہوں۔ تاکہ عوام لوگ ان غیر مقلدین مرتدین وہابی نجدیوں کی دغابازی اور جعلسازی اور دہوکہ بازی اور فریب بازی اور عیاری اور مکاری اور افترا پردازی کے نہا جال میں نہ پھنسیں اور ہمیشہ وہابی نجدیوں سے الگ رہیں اور ان نجدیوں سے مل ملا کر ناحق اپنے دین اور مذہب اور ایمان کو تباہ اور برباد نہ کریں۔

وَاللّٰهُ یَهْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ وَمَا عَلَیْنَآ اِلَّا الْبَلَاغُ

ابو المحامد احمد علی حنفی برادر خرد مولانا حکیم صوفی محمد محمود صاحب رحمۃ اللہ علیہ میوی اعظم گڈھی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ سید المرسلین
وآلہ واصحابہ الطیبین الطاہرین اجمعین۔ اما بعد برادران
احناف قارئین اور شائقین مذہب حنفیہ پر ظاہر ہے کہ آج کل غیر مقلدین
وہابی نجدیوں کی شرارت اور حماقت اور ذلالت اور سفاہت اور رذالت
اور جہالت اور شقاوت اور خباثت اور عداوت اور ضلالت اور بغاوت
اور شیطنت اور غیر مقلدیت اور وہابیت اور نجدیت اور تعصب اور بغض
اور حسد اور مکر اور فریب اور جہل اور دغا اور اتباع الدین اور اغوائے
خلق اللہ وغیرہ کے قصر کا پیشتر کا پارہ آسمان سے بھی دو چار انچ اوپر گذر
گیا ہے۔ غیر مقلد وہابی نجدی مصنف رسالہ تکفیر المبتدعین اپنے رسالہ
مذکورہ میں یوں لکھتا ہے۔ زمانہ موجودہ میں جو خلافت اور سوراج[۱]
کی لہر چلی اس اندھا دھند میں اغیار سے اختلاط اور دین سے غفلت و بے پروائی
نے مسلمانوں کی اس جماعت پر بھی اثر ڈالا جو کبھی قرآن و حدیث سے
ایک قدم نہیں ہٹی تھی۔ ان مصائب میں سے جو گروہ حق پرست اہلحدیث
کو پیش آئے۔ ایک بڑی مصیبت (جیسے مقلدین سے) خلا ملا اور اتحاد و مودت
ہے۔ اور اسی کا نتیجہ ہے جو یہ بڑا فتنہ ہے کہ ہندوستان کی سیاسی رو میں
جو امیر شریعت کی ایک تحریک چلی اور صوبہ بہار میں جو صاحب امیر
شریعت بنائے گئے وہ پھلواری کے سجادہ نشین گلستان
بدعات کے گلچیں ٹھیرے۔ انکی امارت کا اثر اہل حدیث پر بھی ڈالا گیا۔ اور

---

[۱] خلافت اور سوراج کی زبردست حامی پنجاب کی وہابیوں کے سردار اور امیر شریعت ہیں اور انہوں
نے تبلیغ وہابیت کے لئے انہوں نے یہی راستہ پسند کیا ہے۔ ۱۲

بعض حضرات پر وہ اثر پڑ بھی گیا۔ اور جہاں کہیں کوئی مقلد بدعتی امیر شریعت بنیگا وہاں بھی فتنہ برپا ہوگا۔ اب اس اختلاط اور غفلت اور بے پروائی اور امارت سے جو نقصانات پیش آئینگے وہ خود ظاہر ہیں۔) اس مقالہ تمہیدیہ کے بعد غیر مقلد وہابی نجدی مصنف یوں رقمطراز ہے جسکا اقتباس بغرض ملاحظہ ناظرین درج ذیل ہے۔

نمبر ا جو امور و احکام خود اللہ تعالےٰ نے مقرر فرمائے ہیں۔ وہ سب اہل شریعت الٰہیہ ہے اور جو اسکے سوا اور کچھ ایجاد کیا گیا اور اوسے دین سمجھا گیا۔ وہ بدعت ہے۔

نمبر (۲) دین کی تکمیل کتاب اللہ اور سنت سے ہو جاتی ہے۔ اسپر بڑھانا دین میں غلو اور اللہ پر افترا کرنا ہے۔ پس بدعت دین میں غلو اور اللہ پر افترا کرنے کو کہتے ہیں۔

نمبر (۳) پس گویا بہرا ئے زنی کرنے والے اور اپنی خواہشوں سے کام ایجاد کرنے والے ابلیس کی ڈیوٹی ادا کرتے ہیں۔

نمبر (۴) بدعت کا معلم شیطان ہے۔

نمبر (۵) جو بات قرآن وحدیث میں نہ ہو اوسکو خدا کی ذات یا صفات یا دین کے بارے میں کہنا ہی بدعت ہے۔

نمبر (۶) اہل بدعت کا (یعنے مقلد کا) یہ عذر نہیں چلسکتا کہ نیک کام یا عبادت و ذکر الٰہی و محبت رسول میں جو باتیں تراشی جائیں وہ باعث ثواب ہیں۔ پس یاد رکھیں کہ کسی کام میں ثواب جب ہی ملیگا۔ کہ وہ تعلیم الٰہی کے مطابق ہو۔ لہذا ضرورت ہے کہ فکر الٰہی و عبادت بھی سب تعلیم الٰہی ہو۔

نمبر (۷) بدعت ایجاد کرنا حدود الٰہیہ کو توڑنا ہے

نمبر (۸) اہل بدعت (یعنے مقلد) ظالم ہیں اور خدا ظالموں کو دوست نہیں رکھتا۔

نمبر (۹) حد سے بڑھنے والے (مقلدین) عذاب الیم کے مستحق ہیں۔
نمبر (۱۰) اہل بدعت (یعنے مقلدین) ظالم کافر فاسق ہیں۔
نمبر (۱۱) قرآن کریم اہل بدعت (یعنے مقلدین) کو جاہل قرار دیتا ہے
نمبر (۱۲) اہل بدعت (یعنے مقلدین سب سے بڑھ کر ظالم ہیں۔
نمبر (۱۳) اہل بدعت (یعنے مقلدین) سب سے بڑھ کر گمراہ بھی ہیں۔
نمبر (۱۴) اہل بدعت (یعنے مقلدین) سب رسولوں نبیوں بلکہ اللہ کے مخالف ہیں۔
نمبر (۱۵) اہل بدعت (یعنے مقلدین) مسرف اور جہنمی ہیں۔
نمبر (۱۶) اہل بدعت (یعنے مقلدین کا اسراف شرک و کفر کی حد تک پہنچا ہوا ہے
نمبر (۱۷) اہل بدعت (یعنے مقلدین) مشرک ہیں۔
نمبر (۱۸) اہل بدعت (یعنے مقلدین (غالی۔ خود سر۔ مفتری علے اللہ گمراہ۔ شاگردان شیطان۔ حدود الٰہیہ کو توڑنیوالے شریعت کے مخالف ظالم فاسق۔ مسرف باللہ رسول کے دشمن کافر اور مشرک ہیں۔
نمبر (۱۹) اہل بدعت (یعنے مقلدین) سے دوستی یا انکی امامت و امارت کو ماننا اور ان سے بیعت کرنا سراسر گمراہی اور شیطان کی پیروی اور دین سے بغاوت اور شریعت سے مخالفت اور ظلم و فسق و اسراف اور اللہ و رسول سے دشمنی اور کفر و شرک ہے۔ انتہے بقدر الضرورۃ۔

جوابا معروض ہے

اسمیں کوئی شک اور شبہ نہیں کہ خلافت اور وہی سوراجکی اندھا دھند ہوا نے ایسا جھونکا دیا کہ الامان ثم الامان نخلستان کفر و الحاد و ارتداد و فسق و فساد وغیر مقلدیت اور وہابیت اور نجدیت کا گلچین امرتسری۔ چند بیچارے سیدھے سادھے حضرات مقلدین کو پہچانتی پھولنگی

ملہ تمہاری پنجابی وہابیوں کے امیر شریعت اور سردار نے شادی بیاہ کے موقعہ پر اجرت دیکر باجا بجوانے اور عورتوں کو فحش گانا گانے اور دور تک عورتوں کے گانے کی آواز پہونچنے پر جواز کا فتویٰ دیا ہے کیا تمہاری نزدیک وہ بھی ان سب القابات کا مستحق ہے تمہارے فتوی کے مطابق ضرور ہونا چاہیئے پنجاب کو وہابیو تمہارے سردار کے اس اعزاز پر ہم تمکو مبارکباد دیتے ہیں۔

خود ہی کہیں خلافت کا صدر اور کہیں وہی سوراج کا سکرٹری بنا۔ اور شہر بشہر
اور گانوں بگانوں اپنے گرگوں اور چیلوں کو کہیں صدر اور کہیں سکرٹری
بنا رکھا ہے۔ چنانچہ ہمارے خاص قصبہ مئو میں بھی ایک عیار غیر مقلد وہابی
نجدی کو سکرٹری بنا رکھا ہے۔ اور اوسکی سکرٹری بنیکا اثر برادران احناف
پر بھی ڈالا جاتا ہے۔ اور چند حضرات مقلدین پر وہ اثر پڑ بھی گیا اور بھی
جہاں کہیں کوئی غیر مقلد وہابی نجدی سکرٹری وغیرہ ہوگا۔ وہاں یہی کفر و
الحاد و ارتداد پھیلتا رہیگا۔ جہاں غیر مقلدین وہابی نجدیوں کا ایک طوطی
تک نہ بولتا تھا۔ وہاں اب ان کے صدہا گدھ ہ بول رہے ہیں۔ اور کہیں
ہنوان ہیں تناسب عددی بھی موجود ہے دیکھ لیجیے وہابی کے اور گدھ کے یکساں
عدد ہیں ؎ یہہ مردار کھاتے ہیں کمبخت بد ہیں ؎ غرض کہ اسی خلافت
کے حیلے سے غیر مقلدین ملحدین دنیا کو دل کھول کر لوٹ رہے ہیں۔ اور بندگان
خدا کو سیدھے رستے سے گمراہ کر رہے ہیں ہمارے قصبہ کے بعض غیر مقلد
جو نان جوین کے محتاج تھے۔ آج ان کے کتوں کو زردا پلاؤ سونگھکر چھینک
آتی ہے۔ بہرکیف اب غیر مقلدین وہابی نجدیوں کی دغابازی سے لوگ واقف
ہوتے جاتے ہیں۔ اسکے متعلق مجھے زیادہ کہنے اور لکھنے کی چنداں ضرورت
نہیں ہے۔ اگر غیر مقلدین لکھینگے تو انکا کچا چٹھا دنیا کے سامنے کھولکر رکھدونگا
اب مجھے ضروری بات یہہ دکھانا ہے کہ رسالہ اہل الذکر اور تکفیر المبتدعین
کا وہابی نجدی مصنف **قیاس** اور **تقلید** ہی کرنیکے باعث حضرات مقلدین
رحمہ اللہ علیہم اجمعین کو جہنم کا کتا اور کافر کہتا ہے۔ یعنے تمامی حضرات مقلدین
محدثین وغوث و قطب و ابدال رضوان اللہ علیہم اجمعین کو نعوذ باللہ ثم نعوذ
باللہ جہنم کا کتا اور کافر کہنے کی زیادہ تر وجہ یہی تقلید ہے۔ اب ذرا
غور سے سننے کی بات ہے وہ یہہ ہے کہ ملک ہندوستان وغیرہ میں جن علما کو
حضرات مقلدین اور غیر مقلدین ملحدین دونو فریق مانتے ہوں اور اون کی
باتوں کو اپنے اپنے دعوے کی دلیل میں ہمیشہ پیش کرتے ہوں۔

وہ علما اوسی تقلید شخصی کے بارے میں کیا فرماتے ہیں اور وہ کون لوگ ہیں یعنے اونکے نام نامی اور اسم گرامی کیا ہیں۔ اور وہ لوگ خود با وجود ایک زبردست عالم ہونے کی حیثیت سے کسی مجتہد عالم کی تقلید کرتے تھے یا نہیں چنانچہ چند علما کے نام حسب ذیل ہیں۔

حضرت امام ابو یوسف، حضرت امام محمد اور خصاف۔ اور کرخی اور حلوانی اور سرخسی اور بزدوی اور قاضیخاں اور صاحب ہدایہ اور صاحب کنز اور مثل ان کے رضوان اللہ تعالے علیہم اجمعین اور یہ حضرات وہ بزرگ ہیں کہ اجتہاد کا رتبہ رکھتے تھے اور حضرات محدثین میں سے حضرت امام طحاوی حضرت ملا علی قاری اور حضرت مولانا شاہ عبد الرحیم صاحب محدث دہلوی حضرت مولانا شاہ عبد الحق صاحب محدث دہلوی اور حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی اور حضرت مولانا شاہ عبد العزیز صاحب محدث دہلوی اور حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب دہلوی اور حضرت مولانا محمد اسحاق صاحب محدث دہلوی اور حضرت مولانا محمد عبد الحی صاحب محدث لکھنوی اور حضرت مولانا کرامت علی صاحب جونپوری اور امثال انکے رضوان اللہ علیہم اجمعین اور بڑے بڑے حضرات علمائے صوفیہ کرام مثل حضرت ابراہیم ادہم و حضرت شفیق بلخی۔ اور حضرت معروف کرخی اور حضرت بایزید بسطامی اور حضرت فضیل عیاض اور حضرت داود طائی اور حضرت عبد اللہ بن مبارک اور حضرت قطب الدین بختیار کاکی اور حضرت نظام الدین اولیا اور حضرت خواجہ باقی باللہ اور حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی اور امثال انکے رضوان اللہ تعالے علیہم اجمعین۔ تقلید امام معین یعنے امام الائمہ سراج الامت حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی کرتے تھے اور اسیطرح سے بڑے بڑے اکثر محدثین مثل صاحب صحاح جیسے امام بخاری اور امام ابو داؤد و ترمذی اور ابن ماجہ اور نسائی اور امام بیہقی وغیرہم رضی اللہ عنہم اور حضرت امام حجۃ الاسلام

امام غزالی قدس اللہ سرہ بہم امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی تقلید کرتے تھے۔ اور حضرت غوث الاعظم محبوب سبحانی شیخ عبدالقادر جیلانی قدس اللہ سرہ العزیز امام احمد حنبلؒ کی تقلید کرتے تھے۔ برادران احناف یہہ وہ بزرگان دین ہیں کہ اونکے بیشاب سے ابن حزم اور داؤد ظاہری اور حافظ ابن قیم اور ابن تیمیہ اور ہندوستان کے تمام وہابی دہلوی ہوں یا جوناگڈہی صادق پوری ہوں یا کاذب پوری مبارکپوری ہوں یا نامبارکپوری یا امرتسری ہوں یا سیالکوٹی۔ آروی ہوں یا تیشوی ایسے ایسے مولوی اور مولانا حشرات الارض اور کیڑے مکوڑے کیطرح سے پیدا ہوسکتے تھے۔ باوجود اسکے ان بزرگوں نے بھی تقلید شخصی کے آگے اپنا سر تسلیم خم کردیا۔ اب دیکھنا یہہ ہے کہ کس کس ملک کے لوگ تقلید کرتے ہیں۔ یعنے ائمہ اربعہ میں سے ایک نہ ایک مجتہد امام معین کے مقلد ہیں چنانچہ بلاد مغرب میں عموماً حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے مقلد اور بلاد حجاز میں اکثر امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے مقلد ہیں اور بلاد ہند اور سندہ اور عراق اور بلخ و بخارا اور خراسان اور سمرقند اور اصفہان اور شیراز اور طوس اور ریحان اور ہمدان اور استرآباد اور بسطام اور مرغینان اور فرغانہ اور دامغان اور ماوراء النہر اور آذربیجان اور خوارزم اور ملریہ اور کرمان اور دمشق اور حلب اور مصر اور روم خاص الخاص حضرت امام اعظم ابوحنیفہ علیہ الرحمۃ والرضوان ہی کے مقلد ہیں اور مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ زادہما اللہ شرفاً وتعظیماً میں چاروں مذہب کے لوگ مگر حنفی اکثر ہیں۔ واہ رے جلالت شان ائمہ مجتہدین خصوصاً امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی جلالت شان کی ایک ادنےٰ مثال یہہ ہے کہ حضور کے دراقدس کا ادنے دربان حضرت امام بخاری علیہ الرحمۃ سا محدث ہے۔ یعنی امام بخاری وغیرہ محدثین جامعین کتب حدیث امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے شاگردوں کے شاگرد ہیں۔

